## LIST OF ADMITTED CALL ATTENTION NOTICES (9th Session)

**Notice No. 659**

**Department:- Health**

توجہ دلاؤ نوٹس نمبر 659

منجانب:۔ محترمہ عارفہ بی بی رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ صحت کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتی ہوں وہ یہ کہ ایک لاکھ 30 ہزار آبادی پر مشتمل تحصیل دروش (چترال) میں THQ ہسپتال میں صحت کارڈ کی سہولت مہیا نہیں ہے۔ اس ہسپتال میں مزید میل اور فیمل ڈاکٹروں کی اشد ضرورت ہے اور اس ہسپتال میں روزانہ تقریباً 800 مریضوں کی OPD ہوتی ہے۔ لہٰذا 48 بیڈ پر مشتمل ہسپتال کو اپ گریڈ کیا جائے۔

**Notice No. 680**

**Department:- Sports**

توجہ دلاؤ نوٹس نمبر 680

منجانب:۔ ارباب محمد وسیم خان رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ کھیل کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں وہ یہ کہ قیوم سپورٹس کمپلیکس پشاور میں کھلاڑیوں کی سیکورٹی انتظامات انتہائی ناقص ہیں۔ کمپلیکس میں آنے والے کھلاڑی مکمل طور پر قواعد و ضوابط بشمول گیٹ پاس اور سیکورٹی انٹری پر اسیس کی پابندی کرتے ہیں مگر اس کے باوجود ان کے سائیکل، موٹر سائیکل اور دیگر سامان کی چوری کے بار بار واقعات رپورٹ ہو رہے ہیں جو نہ صرف کھلاڑیوں کی فلاح و تحفظ کے بنیادی حق کو متاثر کر رہے ہیں بلکہ سیکیورٹی انتظامات پر بھی سوالیہ نشان ہیں۔ کمپلیکس کے سیکیورٹی نظام کا فوری جائزہ لے کر داخلہ و اخراج کو مؤثر بنایا جائے۔ کھلاڑیوں کے اثاثوں کے تحفظ کے لئے مضبوط اقدامات اٹھائے جائیں اور کوتاہی کے ذمہ داران کی نشاندہی کر کے ان کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ کھلاڑی بہتر، محفوظ اور باوقار ماحول میں اپنی سرگرمیاں جاری رکھ سکیں۔